سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر جام مدد علی کو سیاسی انتقام کا نشانہ نہ بنایا جائے۔الطاف حسین

اپوزیشن، جمہوریت کا بنیادی جزو ہے اور اس کے ساتھ دھمکی آمیز رویہ جمہوریت کیلئے زہر قاتل ثابت ہوگا

لندن ۔۔۔ 31 جولائی 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حکومت سے کہا ہے کہ سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر جام مدد علی کو سیاسی انتقام کا نشانہ نہ بنایا جائے ۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جمہوریت کا تقاضہ ہے کہ اختلاف رائے کو برداشت کیا جائے اور اپوزیشن کی جانب سے اختیار کئے جانے والے مؤقف پر برہمی، ناراضگی اور دھمکی آمیز رویہ اختیار نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن ،جمہوریت کا بنیادی جزو ہے اور اس کے ساتھ دھمکی آمیز رویہ جمہوریت کیلئے زہر قاتل ثابت ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگر کسی نے ماضی میں غلط رویہ اختیار کیا ہے تو ہمیں نہیں چاہئے کہ ہم بھی کسی کے ساتھ غلط رویہ اختیار کریں، اگر ایسا ہوا تو حق اور سچ اور باطل کا فرق مٹ جائے گا لہٰذا حکومت کو چاہیے کہ سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر جام مدد علی کے خلاف کسی قسم کی انتقامی کارروائی نہ کی جائے اور اپوزیشن کا مکمل احترام کیا جائے۔

ضلع ٹھٹھہ کی حق پرست کونسلر محترمہ مہرالنساء علالت کے باعث انتقال کرگئیں، الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 31، جولائی 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ سے تعلق رکھنے والی ٹھٹھہ کی حق پرست کونسلر محترمہ مہرالنساء علالت کے باعث انتقال کرگئیں۔ مرحومہ کی عمر 60 سال تھی اور وہ فالج میں مبتلا تھیں۔ مرحومہ کو بلال نگر کالونی دھابیجی کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کی ٹھٹھہ زونل کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران اور یوسی ناظمین، کونسلرز اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محترمہ مہرالنساء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی اور ایم کیو ایم ٹھٹھہ کے زونل انچارج اور زونل کمیٹی کے ارکان نے بھی محترمہ مہرالنساء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

بارشوں سے نمٹنے کیلئے مؤثر اقدامات کرنے پر شہری حکومت کی قیادت کو حق پرست اراکین اسمبلی کا خراج تحسین

کراچی ۔۔۔ 31، جولائی 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان سندھ اسمبلی نے شہری حکومت کی حق پرست قیادت کی جانب سے مون سون کی بارشوں سے نمٹنے کیلئے مؤثر اقدامات کرنے پر سٹی ناظم مصطفیٰ کمال، نائب ناظم محترمہ نسرین جلیل، ٹاؤن ناظمین اور یوسی ناظمین کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے اور کہا کہ حالیہ بارش کے بعد سڑکوں پر پانی کا کھڑا نہ ہونا، گندگی کے ڈھیر دکھائی نہ دینا اور نکاسی آب کے مؤثر اقدامات شہری حکومت کی حق پرست قیادت کی مثالی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ شہری حکومت کی حق پرست قیادت کو شہری انتظام سنبھالے ہوئے تقریباً ڈھائی سال کا عرصہ ہوا ہے اور اس دوران شہری نظام کو بہتر بنانے کیلئے جتنے بھی ترقیاتی وتعمیراتی کام پائے تکمیل تک پہنچائے گئے ان کے ثمرات براہِ راست عوام تک پہنچ رہے ہیں اور یہی حق پرست قیادت کی سب سے بڑی کامیابی ہے۔ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے امید ظاہر کی ہے کہ کراچی شہری حکومت کی حق پرست قیادت عوام کو ہر موسم میں خوشگوار ماحول فراہم کرنے کے اقدامات جاری رکھے گی۔

☆☆☆☆☆